معز امجد

# میت کے ذمے روزوں کی قضا اور نذر کا معاملہ

## روایت کا مضمون

ترمذی، رقم ۷۱۸ کے مطابق روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

إذا كان على الميت نذر صيام يصوم عنه وإذا كان عليه قضاء رمضان أطعم عنه.

''جب میت کے ذمے روزوں کی نذر ہو تو (میت کے ذمہ دار کو چاہیے کہ) وہ اس کی جانب سے روزے رکھے اور جب میت پر رمضان کے روزوں کی قضا ہو تو (اس کے ذمہ دار کو چاہیے کہ) وہ اس کی طرف سے (مسکینوں کو) کھانا کھلائے۔''

www.javedahmadghamidi.com
www.al-mawrid.org

## روایت پر تبصرہ

علامہ البانی نے اپنی کتاب ''ضعیف سنن الترمذی'' (رقم ۷۱۸) میں اس روایت کو ضعیف قرار دیا ہے۔

## نتیجۂ بحث

مذکورہ روایت کی سند پر البانی صاحب کے تبصرے کے پیش نظر احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اس روایت کی نسبت کو درست نہ سمجھا جائے۔

---